مزمل بختری

۲۰۱۰ء

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر: محمد نبیل مزمل ـ سید عابد حسین شاہ

معاونین: ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسین رضوی

پروف ریڈر: سید آل محمد، حنیف یاسر

سرکولیشن منیجر: رضوان علی رضوی 0300-6368746

کمپوزنگ اینڈ گرافکس: محمد علی قریشی، شیخ اکبر علی

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے (ایکپریس چینل)
جناب محترم عابد کمالوی (ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ)
علامہ آغا السید ابوالحسن موسوی، سید احمد کبیر شاہ
سید طارق زیدی، سید شاہد حسین شاہ نقوی
سید طارق حسین شاہ نقوی، اویس حسین شاہ

لیگل ایڈوائزر

شیخ مستحسن جاوید (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)
محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

مزمل روحانی جنتری (رجسٹرڈ)

ترتیب مضامین

صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر	مضمون
8	سورۃ مزمل کے خواص	73	معجزاتی پیالہ
12	مزمل روحانی جنتری کا اعزاز	74	نکاح کی سعد تاریخیں
14	عالمی ملکی و سیاسی حالات	75	دوست دشمن، موزوں برج
18	راہو کیتو کے اثرات	76	پتھر اور نگینے
19	ستاروں کی نحوست سے چھٹکارہ	82	قمری نظرات
20	نوروز عالم افروز	108	سیارگان در پچھتر
24	زائچہ استخراج کرنا	118	عروج زوال قمر
25	استخراجی کواکبی وقت	120	احکامات وظائف و عملیات
28	ملتان سے دیگر شہروں کا فرق	121	شمس و قمر، قمری داخلہ در قطبین
30	حالات سیارگان در بروج	122	شرف قمر، قمر در عقرب
31	احکامات سیارگان در بروج	123	قمر در خانہ اوج، فرح، حضیض، آفت
57	تسخیر ہمزاد	124	کیفیت شمس، زہرہ، عطارد
60	طلسمات سیارگان	126	سیارگان کا داخلہ و خروج
62	اسرار غیبی	127	سیارگان در قطبین
64	شرفات اوج سیارگان	129	کسوف خسوف، شرف سیارگان
70	نمبرات	130	اہم نظرات سیارگان

ہدیہ فی جنتری 150 روپے

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیات نزد عزیز ہوٹل چوک سے جاری کیا۔

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابراست آہستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستگی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابومحمد مصباح العلم)

☆کلمہ استغفار " اَستَغفِرَاللہ رَبی مِن کُلِ ذَنب واتوُب اَلیہ ' (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔

☆اَلھُمَ صَلیِ عَلی مُحَمَدِ وعلیٰ آلہ مُحمد بعَدَ ذالمُزمِلِ وَالخصَائِص۔

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک: ۔حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادیگا۔

حدیث پاک: ۔اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردیگا۔جس مشکل کیلئے پڑھیگا وہ مشکل آسان ہوجائیگی۔

حدیث پاک: ۔حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کرکے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کیلئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔ آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش والواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا "میں نے حضرت محمدؐ دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں

خصوصی عزیمت سیارگان دفع پریشانی

مصائب وحادثات، بدنصیبی، خاتمہ جادو کے اثرات

یَااَللہُ یَاھَادِیُ یَاطَاھِرُ یَامُغنِیُ یَانَافِعُ یَاصَبُورُ یَاکَافِیُ یَا سَمِیعُ یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ یَالَطِیفُ یَاعَظِیمُ یَارَؤُفُ بَحقِ کٓھٰیٰعٓصٓ بَحقِ حمعسق بَحقِ اِیَّاکَ نَعبُدُ وَاِیَّاکَ نَستَعِینُ اَحفِظنِی مِن اَلنَّحوسَتِ اَلشَّمسُ وَالقَمرِ وَالمُشتَرِی وَالزُحلُ وَالزُھرَہ وَالعَطَارَدِ وَالمَرِیخِ وَالرَاسِ وَالذَنبِ بَحقِ یَااَللہُ یَا حدُ یَاصَمَدُ یَالَم یَلِد وَلَم یُولَدَ وَلَم یَکُن لَہُ کُفُوًا اَحَد۔ اول وآخر سات بار درود شریف " **اَلھُمَّ صَلیِ عَلیٰ مُحَمَّدِ وعلیٰ آلِہ مَحَمد بِعَدَدِ المُزمَلِ وَالخصَائِص**"

گیارہ بار درج بالا عزیمت کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے جسم پر پھیرلیں اگر یہی معمول ہمیشہ رکھیں گے تو انشاء اللہ ہمیشہ پریشانی مصائب اور جادو کے اثرات، دوسری نحوستوں، دشمنوں کے حملوں سے بچے رہیں گے۔والدین بچوں کے لیے یہ عزیمت خود پڑھ سکتے ہیں۔

جہاں یکجا ہوں علی محمد بس وہیں رب دکھائی دیتا ہے

رب جل جلالہ = محمد ص + علی ع

۲۰۲ ۹۲ ۱۱۰

کچھ ہمیں کب دکھائی دیتا ہے
ہر طرف ربّ دکھائی دیتا ہے

بینا ہونا ہی شرطِ اول ہے
وہ ہمیں تب دکھائی دیتا ہے

روشنی دے کہ مجھ سے پوچھتے ہیں
کیا تمہیں اب ربّ دکھائی دیتا ہے

جب بصیرت بھی کچھ میسر ہو
دِن ہو یا شب دکھائی دیتا ہے

جب مسلسل کھلی رہیں آنکھیں
خواب پھر کب دکھائی دیتا ہے

میچ کر دیکھئے ذرا آنکھیں
والقلم ! ربّ دکھائی دیتا ہے

فیض ہے یہ علیؑ محمدؐ کا
اب ہمیں سب دکھائی دیتا ہے

پردہ غیب میں جو ہے مخفی
وہ بھلا کب دکھائی دیتا ہے

جہاں یکجا علیؑ۱۱۰ محمدؐ۹۲ ہوں
بس وہیں ربّ۲۰۲ دکھائی دیتا ہے

آنکھ میں روشنی ہو گر عارف
کچھ بھی ہو سب دکھائی دیتا ہے

سید عارف معین بلے

اسمائے صفات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

یامُحمد	یااحمد	یاحَامِد	یامحمود	یاقَاسِم	یاعَاقِب	یافَاتِح	یاخاتِم
یاحَاشِرُ	یامَاح	یاداع	یاسَراج	یارَشِید	یامُنِیر	یابَشِیر	یانذِیرُ
یاھَادِیُ	یامُھد	یارَسُولُ	یانبیُ	یاطٰہٰ	یایٰسن	یامُزمِلُ	یامُدثِرُ
یاشَفِیعُ	یاخَلِیلُ	یاکَلیمُ	یاحَبِیبُ	یامُصطَفیٰ	یامُرتَضی	یامُجتبیٰ	یامُختارُ
یانَاصِرُ	یامَنصُورُ	یاقَائمُ	یاحَافِظُ	یاشَہِیدُ	یاعَادِلُ	یاحَکِیمُ	یانورُ
یاحُجۃُ	یابُرھَانُ	یابطحِیُ	یامُومِنُ	یامُطِیعُ	یامُذکِرُ	یاوَاعِظُ	یاآمِینُ
یاصَادقُ	یامُصدِقُ	یانَاطِقُ	یاصَاحِبُ	یامَکیُ	یامَدنیُ	یاعَربِیُ	یاھَاشِمیُ
یاتِہامِی	یاحِجازیُ	یاترازیُ	یاقُریشیُ	یامُصریُ	یااُمیُ	یاعَزیزُ	یاحَرِیصُ
یارَؤفُ	یارَحِیمُ	یایَتِیمُ	یاغَنِیُ	یاجَوارُ	یافَتاحُ	یاعَالِمُ	یاطَیبُ
یاطَاھِرُ	یامَطھرُ	یاخَطِیبُ	یافَصِیحُ	یاسیدُ	یامُتقِیُ	یااِمَامُ	یابَارِیُ
یاشَافِی	یامُقسطُ	یاسَابِقُ	یاحٰمٓ	یامَھدِیُ	یاحَقُ	یامُبِینُ	یااولُ
یاآخِرُ	یاظَاھِرُ	یابَاطِنُ	یارَحمتُ	یامُحَلِلُ	یامُحرَمُ	یاآمِرُ	یانَاہِ

ان اسمائے صفات کا روزانہ ورد غموں، پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات دلاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابتدائی درود سورۃ مزمل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہ مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلُ وَالْخَصَائِصُ

سورۃ مزمل سے متعلق یہ خاص ورد پاک اور اختتامی درود پاک بہت ہی نایاب ہے جو کہ شاید آپ نے آج تک نہ سنے اور نہ ہی پڑھیں ہونگے۔ درود مزمل کی یہ خاصیت ہے کہ سورۃ مزمل کے وظیفہ یا ورد سے پہلے اس درود پاک کا ورد کیا جائے تو اس وظیفہ کی چلہ کشی میں یا جس مقصد کے حصول کیلئے سورۃ مزمل پڑھی جائیگی وہ مقصد فوری پورا ہوگا اور ایک خاص روحانیت پیدا ہوتی ہے۔

اختتامی درود سورۃ مزمل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِہ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِصِ ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْکَافِرُوْنَ ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْمَعَطَرِ وَالْمَدَدِ وَجَمِیْعِ اَلْنَبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِحَقِّ یَا اَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ اَنْ تُزَمِّلْنِیْ بِرِءٍ ی بِلُطْفِکَ عَنْ عُیُوْنِ الْبَاغِیْنَ وَالطَّاغِیْنَ وَالْحَاسِدِیْنَ مِنْ اَعْدَاءِیْ وَاَعْدَاءِکَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا مَنْ ھُوَ یَامَنْ لَیْسَ لَہٗ اِلَّا یَا مَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ ٥ اَللّٰھُمَّ اَحْفَظْنِیْ عَنِ الْاٰفَاتِ وَالْعَاھَاتِ یَا اَللّٰہُ صَمَدِیْ وَمَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ یَا اَللّٰہُ۔

اختتامی درود پاک کی بھی فضیلت بہت زیادہ ہے یہ درود پاک کئی سو سالہ پرانی بیاض سے میسر آئے ہیں اس بیاض میں سورۃ مزمل کے خاص طریقہ زکات اور مشکلات سے حل کیلئے سورۃ مزمل کا وظائف درج ہیں قارئین کیلئے میری جانب سے سال نو کا اس سے بڑھ کر بیش قیمت تحفہ اور کوئی نہیں ہوسکتا اللہ تعالیٰ قارئین کرام کی تمام مشکلات اور پریشانیوں کو آسان فرمائے اور آپ لوگوں کو روحانی وجسمانی صحت والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ صدقہ محمدؐ وآل محمدؐ میرا اور آپکا خاتمہ ایمان پر ہو بوسیلہ واسطہ حضرت محمدؐ بحق یا ایھا المزمل (آمین)

دعا گو:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

سورة مزمل مع ترجمه

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم و الا ہے

یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ (١) قُمِ الَّیلَ اِلَّا قَلِیلًا (٢) نِصفَهٗ اَوِانقُص مِنهُ قَلِیلًا (٣) اَوزِدعَلَیهِ وَرَتِّلِ القُراٰنَ تَرتِیلًا (٤) اِنَّا

اے کپڑوں میں لپٹنے والے رات کو (نماز میں) کھڑے رہا کرو مگر تھوڑی سی رات یعنی نصف رات (کہ اس میں قیام نہ کرو بلکہ آرام کرو) یا اس نصف سے کسی قدر کم کردو۔ یا نص… ت سے کچھ بڑھا

سَنُلقِی عَلَیکَ قَولًا ثَقِیلًا (٥) اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیلِ هِیَ اَشَدُّ وَطاً وَّاَقوَمُ قِیلًا (٦) اِنَّ لَکَ فِی النَّهَارِ سَبحا طَوِیلًا (٧)

دو اور قرآن کو خوب صاف صاف پڑھو (کہ ایک ایک حرف الگ الگ ہو) ہم تم پر ایک بھاری کلام ڈالنے کو ہیں (مراد قرآن مجید ہے) بیشک رات کے اٹھنے میں دل اور زبان کا خوب میل ہوتا ہے اور

وَاذکُرِ اسمَ رَبِّکَ وَتَبَتَّل اِلَیهِ تَبتِیلًا (٨) رَبُّ المَشرِقِ وَالمَغرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذهُ وَکِیلًا (٩) وَاصبِر عَلٰی

بات خوب ٹھیک نکلتی ہے بیشک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے (دنیوی بھی اور دینی بھی) اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو اور سب سے قطع کر کے اسی کی طرف متوجہ رہو وہ رب … مشرق و مغرب کا مالک

مَا یَقُولُونَ وَاهجُرهُم هَجرًا جَمِیلًا (١٠) وَذَرنِی وَالمُکَذِّبِینَ اُولِی النَّعمَةِ وَمَهِّلهُم قَلِیلًا (١١) اِنَّ لَدَینَآ اَنکَالًا

ہے اس کے سوا کوئی قابل عبادت نہیں تو اسی کو اپنے کام سپرد کر دینے کے لئے قرار دیے رہو اور یہ لوگ جو باتیں کرتے ہیں ان پر صبر کرو اور خوبصورتی کے ساتھ ان سے … ہو جاؤ۔ اور مجھ کو اور ان

وَّجَحِیمًا (١٢) وَّطَعَامًا ذَاغُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِیمًا (١٣) یَومَ تَرجُفُ الاَرضُ وَالجِبَالُ وَکَانَتِ الجِبَالُ کَثِیبًا مَّهِیلًا (١٤)

جھٹلانے والوں نازونعمت میں رہنے والوں کو (حالتِ موجودہ پر) چھوڑ دو (یعنی رہنے دو) اور ان لوگوں کو تھوڑے دنوں اور مہلت دے دو۔ ہمارے یہاں بیڑیاں ہیں اور … دوزخ ہے اور گلے میں پھنس

اِنَّآ اَرسَلنَآ اِلَیکُم رَسُولًا شَاهِدًا عَلَیکُم کَمَآ اَرسَلنَآ اِلٰی فِرعَونَ رَسُولًا (١٥) فَعَصٰی فِرعَونُ الرَّسُولَ فَاَخَذنٰهُ

جانے والا کھانا ہے اور دردناک عذاب ہے۔ جس روز کہ زمین اور پہاڑ ہلنے لگیں گے اور پہاڑ (ریزہ ریزہ ہو کر) ریگ رواں ہو جاویں گے بے شک ہم نے تمہارے پاس ایک ایسا رسول بھیجا ہے جو تم

اَخذًا وَّبِیلًا (١٦) فَکَیفَ تَتَّقُونَ اِن کَفَرتُم یَومًا یَّجعَلُ الوِلدَانَ شِیبًا (١٧) السَّمَآءُ مُنفَطِرٌ بِهٖ کَانَ وَعدُهٗ مَفعُولًا

پر (قیامت کے روز) گواہی دیں گے جیسا ہم نے فرعون کے پاس ایک رسول بھیجا تھا پھر فرعون نے اس رسول کا کہنا نہ مانا تو ہم نے اس کو سخت پکڑنا پکڑا سو اگر تم (بھی … بعد پہنچے رسولؐ کے نافرمانی اور)

(١٨) اِنَّ هٰذِهٖ تَذکِرَةٌ فَمَن شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّهٖ سَبِیلًا (١٩) اِنَّ رَبَّکَ یَعلَمُ اَنَّکَ تَقُومُ اَدنٰی مِن ثُلُثَیِ الَّیلِ وَنِصفَهٗ

کفر کرو گے تو اس دن سے کیسے بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا۔ جس میں آسمان پھٹ جائے گا۔ بیشک اس کا وعدہ ضرور ہو کر رہے گا۔ یہ (تمام مضمون) ایک … نصیحت ہے سو جس کا جی چاہے

وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِینَ مَعَکَ وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ اَن لَّن تُحصُوهُ فَتَابَ عَلَیکُم فَاقرَءُوا مَا تَیَسَّرَ

اپنے پروردگار کی طرف رستہ اختیار کرے۔ آپ کے رب کو معلوم ہے کہ آپ اور آپ کے ساتھ والوں میں بعضے آدمی (کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات

مِنَ القُراٰنِ عَلِمَ اَن سَیَکُونُ مِنکُم مَّرضٰی وَاٰخَرُونَ یَضرِبُونَ فِی الاَرضِ یَبتَغُونَ مِن فَضلِ اللّٰهِ وَاٰخَرُونَ

(نماز میں) کھڑے رہتے ہیں۔ اور رات اور دن کا پورا اندازہ اللہ ہی کر سکتا ہے اس کو معلوم ہے کہ تم اس (تقدیر وقت) کو ضبط نہیں کر سکتے تو اس نے تمہارے حال پر عنایت کی سو (اب) تم لوگ جتنا

یُقَاتِلُونَ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ فَاقرَءُوا مَا تَیَسَّرَ مِنهُ وَاَقِیمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّکٰوةَ وَاَقرِضُوا اللّٰهَ قَرضًا حَسَنًا وَمَا

قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو۔ اس کو معلوم ہے کہ بعضے آدمی تم میں بیمار ہوں گے اور بعضے تلاش معاش کے لئے ملک میں سفر کریں گے اور بعضے اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے (اس لئے بھی اس

تُقَدِّمُوا لِاَنفُسِکُم مِّن خَیرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللّٰهِ هُوَ خَیرًا وَّاَعظَمَ اَجرًا وَاستَغفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِیمٌ (٢٠)

حکم کو منسوخ کر دیا) سو (اس لئے بھی تم کو اجازت ہے کہ اب) تم لوگ جتنا قرآن آسانی سے پڑھا جا سکے پڑھ لیا کرو اور نماز فرض کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو اچھی طرح (یعنی اخلاص سے) قرض دو اور جو نیک عمل اپنے لئے آگے (ذخیرہ آخرت بنا کر) بھیج دو گے اس کو اللہ کے پاس پہنچ کر اس سے اچھا اور ثواب میں بڑا پاؤ گے۔ اور اللہ سے گناہ معاف کراتے رہو۔ بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔

سورۃ مزمل کے خواص

قارئین مزمل روحانی جنتری کو سال نو مبارک ہو جیسا کہ قارئین کرام بخوبی جانتے ہیں کہ میرا محور سورۃ مزمل ہے عرصہ دراز سے اسی سورۃ مبارکہ کے چلے اور وظائف کیے۔ سورۃ مزمل کے یہ وظائف سلطان العارفین حضرت شاہ رکن عالمؒ کے علاوہ باطنی و روحانی طور پر استادِ مکرم سے بھی ملے۔ انہی وظائف کی بدولت۔ بے شمار معجزات اور کرامات دیکھنے میں آئی۔

فیض دیدار زیارت مصطفیٰؐ اور زیارت اہل بیتؓ کے علاوہ دیگر اولیاء سے ملاقات و فیض سورۃ مزمل کی برکات کے طفیل حاصل ہوا۔
جن بزرگان سے فیض و برکات ملاقات روحانی اس احقر العباد کو حاصل ہوئی۔ اُن میں **حضرت غوث اعظمؒ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، حضرت داتا علی ہجویریؒ، حضرت بری امامؒ، حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ، حضرت لعل شہباز قلندرؒ، بابا لعل شاہ سورانسیؒ، بابا بلھے شاہؒ، پیر سید وارث علی شاہؒ (بانی سلسلہ وارثیہ)، حضرت معین الدین چشتیؒ اجمیری، پیر عنایت علیؒ شاہ صاحب، بابا فیروز الدینؒ، بابا فرید الدین گنج شکرؒ، حضرت شاہ شمس تبریزؒ، حضرت شاہ شمس سہروردیؒ، پیر مہر علی شاہؒ، پیر نصیر الدین شاہؒ، حضرت موسیٰؒ پاک شہید، بابا بری شاہؒ** (ملتان) کا فیض قابل ذکر ہے۔ یہ تمام اولیاء کرام وہ پاک اور معصوم ہستیاں ہیں جنہوں نے روحانی طور پر بندہ احقر کی راہنمائی کی۔ اپنی زیارت و ملاقات کا شرف بخشا سورۃ مزمل سے متعلقہ وظائف و اوراد عنایت فرمائے۔ یہ تمام فیض سورۃ مزمل کی وجہ سے ہے۔ جو بھی شخص سورۃ مزمل سے متعلقہ وظیفہ ورد میں رکھے گا یقیناً درج بالا ہستیوں سے فیض پائیگا۔

بعض افراد ایسے بھی دیکھے ہیں جو کہ سورۃ مزمل یا قرآن پاک کے بارے میں وظائف کے متعلق غلط بیانی جھوٹ سے کام لیتے ہیں اور بڑھ چڑھ کر بتاتے ہیں۔ ایسے افراد سے التجا ہے کہ قرآن پاک کے بارے میں نہ تو کبھی غلط بیانی اور جھوٹ سے کام لیں اور نہ ہی کسی بھی اولیاء سے منسوبیت غلط بیانی سے ظاہر کریں۔ کیونکہ یہ وہ پاک ہستیاں ہیں جن کی مسلسل نگاہ آپ کے قول و فعل پر ہیں۔ ضروری نہیں کہ تمام ہستیاں جمالی ہوں ذہن میں رکھیں کہ ان میں جلالی بزرگ بھی ہیں۔ عہد کریں کہ کلام الہیٰ قرآن پاک کے بارے میں کبھی لغو سے کام نہ لیں گے۔

مشاہدات موکلات و جنات:۔ قارئین مزمل روحانی جنتری! سورۃ مبارکہ کے جنات و سفلی موکلات کا مشاہدہ بارہا کیا جن میں جنات و سفلی و علوی، موکلات پرندوں کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں۔ ایک بار ایسا ظاہر ہوا کہ چند بہت بڑے پنجرے رکھے ہوئے ہیں جن میں بہت زیادہ خوبصورت حسین و جمیل چڑیوں اور طوطے نما پرندے موجود ہیں۔ سورۃ مزمل سے متعلقہ سب سے بڑا خوبصورت موکل پرندہ کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے جس میں ساتوں رنگ موجود، سر پر خوبصورت تاج سجا ہوا ہے۔ اپنا نام راضیہ بتاتا ہے۔ یہی موکل مکمل سورۃ کے اعمال خیر پر کامل درجہ کمال رکھتا ہے۔ دیگر مشاہدات عرض کرنے سے قاصر ہوں کیونکہ جہاں تک جتنا ظاہر کرنے کا حکم ہوا باری تعالیٰ نے اُتنا ہی میرے ذریعے ظاہر کروا دیا۔ بہت سے پوشیدہ راز ہیں جن سے پردہ اُٹھانے کا حکم نہیں۔

خیرات و صدقات سورۃ مزمل:۔ یاد رکھیں کہ جو بھی شخص سورۃ مزمل کی زکات کا حامل ہو باقاعدگی سے پرندوں کو باجرہ ڈالے اور خیرات میں سفید رنگ کی مٹھائی مثلاً برفی یا کھیر پر فاتحہ و نیاز دیں۔ روزانہ کم و بیش 3 تسبیح کلمہ استغفار کی ورد میں رکھیں انشاءاللہ جلد ہی بے انتہا برکات و تجلیات وارد ہونا شروع ہو جائینگی سورۃ مزمل کی زکات کا طریقہ اسلامی ماہ کے مطابق روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ہر ماہ شائع کیا جاتا ہے۔ سورۃ مزمل کی زکات کی ادائیگی کے 100 سے زائد طریقہ کار بندہ احقر کے پاس موجود ہیں۔ جن میں بہت مختصر بھی ہیں اور بہت طویل بھی یہ صاحب زکات کی روحانی طاقت پر منحصر ہے کہ کونسا طریقہ ادائیگی زکات سورۃ مزمل با آسانی کر سکے۔ کیونکہ سورۃ مبارکہ میں ہی ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ "جتنا آسانی سے ہو سکے پڑھ لیا کرو"۔ اپنے آپ کو مشقت میں نہ ڈالا جائے تو بہتر ہے۔ چند واقعات سورۃ مزمل کی روحانیت کے بارے میں عرض کرتا ہوں کہ روحانیت کے طالبوں میں جوش و جذبہ ابھرے۔

قوی جنات کو قابو کرنا:۔ آج سے تقریباً 10 سال پہلے کا ذکر ہے ایک شخص کی والدہ جن کی عمر تقریباً 70 سال تھی اُن پر ایک بہت طاقتور جن کا اثر 58 سال سے تھا۔ جب بھی اُس عورت کو کوئی شخص اہل خانہ سے کچھ بھی کہتا تو وہ جن اُس عورت پر مسلط ہو جاتا کہ چارپائی سے اُٹھنے نہ دیتا تھا۔ یہ کیفیت 3 دن تک رہتی اُن بزرگ خاتون کا بیٹا میرے عزیز کی معرفت آیا اور کہنے لگا۔ کہ حضور میری والدہ محترمہ پر تقریباً 58 سال سے ایک جن مسلط ہے۔ جب بھی کسی بات سے اُن کا دل دکھی ہوتا ہے تو فوری وہ جن آجاتا ہے اور 3 دن سے پہلے نہیں جاتا۔ برائے مہربانی میری والدہ کو اس سے نجات دلوائیں کیونکہ وہ خود بھی اپنی اس حالت سے تنگ ہیں۔ میں نے کہا کہ آئندہ جب بھی ایسی حالت ہو تو فوری مجھے آگاہ کریں۔ چند دن بعد ہی اُن بزرگ خاتون کی کیفیت جن کے آنے کی وجہ سے خراب ہوگئی اُن کے بیٹے نے فون پر مطلع کیا۔ اُس بزرگ خاتون کے پاس میں گیا تو اُن کی پوتی جس کی عمر تقریباً 10,11 سال تھی اور قرآن حفظ کر رہی تھی۔ میرے جانے سے قبل اہل خانہ پریشان تھے کہ جب یہ جن حاضر ہوا تو اس بچی نے سورۃ جن پڑھنا شروع کر دی۔ ابھی آدھی سورۃ ہی پڑھی تھی کہ اس کی نظر ختم ہوگئی ہے۔ یہ نہیں دیکھ سکتی۔ میں نے اُسی وقت سورۃ مزمل پڑھ کر حاضرات کی تو وہ جن اُنہی بزرگ خاتون کے اندر سے پشتو زبان میں بولا۔

اُس نے بتایا'' کہ میں ایک جگہ پر اپنے بچوں کے ساتھ رہتا تھا اور میرے 3 بچے اس عورت کے پاؤں کے نیچے آکر مارے گئے جو کہ سیاہ کیڑوں کی شکل میں تھے میں نے اس عورت سے خون کا بدلہ خون کی صورت میں اس طرح لیا کہ اس کے بھی 3 بچے مار ڈالے اُس کے بعد سے یہ دُکھی ہونے لگی اب جب بھی کوئی اس کو دُکھ پہنچاتا ہے میں اس کے جسم پر حاوی ہو جاتا ہوں اور اُس وقت تک رہتا ہوں جب تک اس کا یہ دُکھ ختم نہ ہو جائے۔ یہ میرا اور اس کا معاملہ ہے آپ مجھے تنگ نہ کریں اور چلے جائیں۔ میں نے اُسے سمجھایا کہ آپ اس کی جان چھوڑ دیں اور آپ چلے جائیں اُس نے دعویٰ کیا کہ ان گزشتہ سالوں میں بہت بڑے بڑے روحانی طاقت والے لوگ مجھے اس سے بھگانے کیلئے آئے لیکن وہ خود بھاگ گئے بہتر ہے کہ آپ بھی چلے جائیں۔ اور اس کا ثبوت یہ بچی ہے جس کی آنکھوں کی بینائی میں نے ختم کر دی ہے۔ جن نے جواب دیا''۔

اُس کے بعد اپنا حصار کیا اور سورۃ مزمل باآواز پڑھنا شروع کر دی ابھی 3 بار ہی پڑھی تھی کہ وہ غصہ کی حالت میں لپکا کیونکہ میں نے حصار کیا تھا اور اس سے قبل فوری طور پر مریض کا بھی حصار کر دیا تھا کہ وہ جن حصار توڑ کر باہر نہ نکل سکے۔ پانچویں بار سورۃ مزمل پڑھنے پر اُس نے ہاتھ باندھے اور بزرگ خاتون بیہوش ہوگئیں۔

باآواز کہا!''اے روحانیت سورۃ مزمل اس کی قوتیں ختم کر کے روحانی قید خانے میں ڈال دو''

چند لمحہ بعد وہ خاتون کلمہ پڑھ کر اُٹھیں اور کہنے لگی کہ اب میری حالت بالکل درست ہے اُس کے بعد سے اب تک وہ بزرگ خاتون بالکل ٹھیک ہیں اور دوبارہ وہ جن نہ آیا۔

اسی طرح کے کئی واقعات سورۃ مزمل کی برکات و فیوض سے بھرے ہوئے ہیں۔ جو بھی شخص سورۃ مزمل کا وظیفہ ادائیگی زکات کر چکا ہو درج بالا طریقہ سے بڑے سے بڑے جن اور دیو کو مریض پر سے ہٹا سکتا ہے اس کے بعد اُسی جن سے اپنے مقاصد کیلئے کام بھی لے سکتا ہے۔

دفع مرض بواسیر:۔ 7 بار سورۃ مزمل 7 یوم تک مونگ کی دال پر پڑھیں۔ اندھیرے کمرہ میں سونے سے پہلے اس دال کو چاروں کونوں میں ڈال دیں۔ نیند کی حالت میں آسیہ پری حاضر ہوتی ہے میرے ایک عزیز کو بواسیر کا مرض عرصہ 15 سال سے تھا۔ درج بالا طریقہ پر صرف ایک بار عمل کیا سبز روشنی کے نقطہ کی شکل میں یہ پری حاضر ہوئی جس کو حضرت عبداللہ صحابی جن کی خدمت میں سلام عرض کرنے کے بعد پیش ہونے کو کہا اور اس پری سے بواسیر کا مرض دفع کرنے کا طریقہ دریافت کرنے کی گزارش کی۔ وہ طریقہ عمل مریض پر کیا اور اب تک دوبارہ بواسیر کا مرض پیدا نہ ہوا۔ حضرت عبداللہ نے سلام کا جواب دینے کے بعد اس پری کے ذریعے کہلوایا۔

''مریض اگر مرد ہو اور صاحب عمل بھی مرد ہو تو مریض کے پیٹ پر دائیاں ہاتھ رکھ 21 یوم تک 21 بار سورۃ مزمل پڑھ کر دم کریں۔ انشاءاللہ مریض شفایاب ہوگا۔ باری تعالیٰ کا خاص کرم ہے کہ یہ عمل 100 فیصد درست پایا اگر خاتون مریضہ ہے تو اُس کے پہنے ہوئے کپڑے پر صاحب عمل مقرر دن اور تعداد کے مطابق دم کرے۔

مریض جنات کا علاج:۔ اپنے کمرہ میں حسب معمول وظیفہ سورۃ مزمل میں مشغول تھا کہ دو جنات بلی کی شکل میں حاضر ہوئے۔ باآواز ورد کر رہا تھا اُن کو دیکھ کر کچھ دیر کیلئے خاموش ہوا۔ تو ایک نے اشارہ سے بتایا کہ یہ عرصہ 25 سال سے سخت بیماری میں مبتلا ہے روحانی علاج فرمائیں۔ اُس کو سامنے بیٹھا دیکھ کر دوبارہ سے سورۃ مزمل باآواز پڑھنا شروع کر دی 7 ویں بار کے ورد میں اس بلی نے منہ سے الٹی کی اور بدبودار کیڑوں کا ایک گچھا زمین پر گرا۔ اسی طرح ورد کو جاری رکھا تو ایک بار پھر اُس کے منہ سے اسی قسم کا گچھا گرا۔ میرے ورد کرنے کے درمیان ہی وہ دونوں جنات شکریہ ادا کر کے چلے گئے۔

دست غیب:۔ ذاتی کام کی غرض سے کراچی جانا ہوا تو دو طالب علم روحانیات کو میرے آنے کی اطلاع مل گئی۔ تلاش کرتے ہوئے ہوٹل میں ہی آ گئے۔ روحانیات کے متعلق مختلف قسم کی معلومات لینے لگے۔ میں اُن کو لے کر ہوٹل سے باہر آ رہا تھا جہاں سے مجھے کسی کام کیلئے جانا تھا اسی دوران چلتے ہوئے ایک نے سوال کیا۔ کہ حضرت یہ فرمائیں! کہ دست غیب کیا ہوتا ہے' کیا اس کی کوئی حقیقت ہے؟

اُس کے سوال سے کمزوری ایمان اور قرآنی آیات کے فیض میں شکوک وشبہات کی جھلک نمایاں تھی میں نے نظر بھر کر اُس کے چہرے کی طرف دیکھا۔ کوئی جواب نہ دیا دل میں درود مزمل کے بعد سورۃ مزمل پڑھنا شروع کی چند قدم ہی چلے تھے کہ کچھ فاصلہ پر دور گرے ہوئے ہزار ہزار کے چند نوٹ اُٹھانے کیلئے کہا! جب اُس نے وہ نوٹ اُٹھائے' میں نے دل میں اللہ کا شکر ادا کیا اور اُس طالب علم سے کہا کہ یہی دست غیب ہے۔ جب اُس نے وہ رقم گنتی کی تو پانچ ہزار تھی دونوں میں وہ رقم برابر تقسیم کرنے کے بعد اُنہیں رخصت کر دیا۔

دفع بلیات:۔ ایک جواں سال لڑکی کو اُس کا والد لے کر آیا۔ مارے خوف اور دہشت کے اُس لڑکی کا بُرا اثر تھا چیختی چلاتی اور کئی دن سے کچھ نہ کھایا تھا۔ اہل خانہ اُس کی اس حالت کی وجہ سے سخت پریشان تھے۔ جب سامنے آئی تو اُس کی حالت اور زیادہ غیر ہوگئی لڑکی کے والد نے اُس کی کیفیت کا ذکر کیا مریض اور خود کو حصار کرنے کے بعد سورۃ مزمل 7 بار پڑھنا شروع کی۔ لڑکی کے جسم سے ایک دھواں نکلا پاس رکھی ہوئی بوتل میں اُس دھواں کو بند کیا سورۃ مزمل کے آخری بار ورد کرنے پر لڑکی کی حالت سنبھل گئی۔ اور اُس شیشی کو گہرے گڑھے میں دفن کرنے کو کہا۔

اُس کے والد اُس بند شیشی کو ایک خشک کنویں میں پھینک آئے۔ دوسرے دن شام کے وقت اُس لڑکی کو دوبارہ سے لایا گیا جس نے سخت تکلیف کی حالت میں بتایا کہ میرے کانوں میں چیخوں کی آوازیں گونجتی ہیں اور میرے حلق میں یوں محسوس ہوتا ہے جیسے مٹی پھنسی ہوئی ہے۔ سخت اضطرابی کیفیت میں ہوں۔ مجھے اس سے نجات دلا دیں۔

دراصل بوتل میں بند ہونے والا دھواں ایک طاقتور بلا تھی۔ جب لڑکی کے والد سے معلوم کیا کہ بوتل کہاں پھینکی تو انہوں نے بتایا کہ ایک خشک کنویں میں جہاں کچھ مٹی تھی پھینک آیا تھا۔ وہ بلا اتنی طاقتور تھی کہ لڑکی کے والد نے دفن کرنے کی بجائے کنویں کو گہرا جان کر بوتل ویسے ہی پھینک دی جبکہ اس بوتل کو دفنانے کو کہا گیا تھا۔ جس کیوجہ سے اُس بلا نے اپنی طاقت' بند ہونے کے باوجود بھی لڑکی پر ظاہر کی۔ اُسی کنویں کی مٹی لڑکی کے حلق میں پھینکنا شروع کی جس کا احساس مریض کو تو ہوتا تھا لیکن بظاہر کچھ نظر نہ آتا تھا۔ شیاطین کے نام مع دیو جنات بلیات ارواح خبیثہ کاغذ پر تحریر کیے۔ اس طرح کے 7 کاغذ تیار کرنے کے بعد ہر ایک کو فلیتہ کی شکل میں لپیٹ کر ایک ایک بار سورۃ مزمل پڑھتے ہوئے جلا دیا۔ آخری فلیتہ جلانے پر لڑکی چیخ مار کر گر پڑی۔ ہوش میں آنے کے بعد وہ ہر طرح سے صحت مند تھی اور دوبارہ یہ تکلیف نہ ہوئی۔ لوح تحفظ جادو سحر و بلیات لڑکی کے گلے میں ڈال دی گئی۔

ماہ صفر اور بلیات:۔ ماہ صفر میں ایک نئی شادی شدہ لڑکی جنون کی حالت میں لائی گئی جسے 4 آدمیوں نے پکڑا ہوا تھا وہ اونچی اونچی آواز میں چیختی اہل خانہ اُس کی اس حالت سے بہت تنگ تھے۔ میرے پاس لانے سے قبل اُس کے شوہر نے اُسے ڈھونگ سمجھ کر موٹے ڈنڈے سے مارا۔ وہ حیران اُس وقت ہوئے کہ جب اُس ڈنڈے کے کئی ٹکڑے ہوگئے اور اُس لڑکی کو نہ درد کا احساس ہوا اور نہ ہی خراش آئی بلکہ وہ قہقہے لگا کر ہنس رہی تھی۔ پھر چیخ کر کہتی کہ میں صاحب اولاد ہوں میرے بچوں کو کچھ نہ کہو جبکہ اُسکی شادی کو ابھی 3 ماہ گزرے تھے۔ روحانیت سورۃ مزمل کی برکات سے حکم ہوا کہ کڑوے تیل کا چراغ روشن کریں اور اس کے پہنے ہوئے کپڑے کا ٹکڑا لے کر 5 بار سورۃ مزمل پڑھ کر جلا دیں۔

چنانچہ ایسا ہی کیا گیا تو اُس لڑکی نے پیٹ کو پکڑا اور ایک قے کی اُس وقت موجود لوگوں نے اُس کے منہ سے 3 سائے نکلتے ہوئے دیکھے میں مسلسل سورۃ مزمل پڑھتا رہا۔ ان میں سے ایک سایہ جسم گھوڑے کا اور سر اونٹ جیسا تھا۔ دوسرے کا جسم بھی گھوڑے کی مانند اور سر بیل کی طرح اور تیسرے کا جسم گدھے کی مانند اور سر بکری جیسا تھا۔ یہ تینوں بلیات نوزائیدہ تھے کیونکہ یہ نیا شادی شدہ جوڑا حقوق زوجیت کھلے آسمان تلے ادا کرتا تھا۔ تعوذ اور دعائے مباشرت سے بالکل ناآشنا تھا جس وجہ سے مرد کے نطفہ کے ذریعے عورت کے رحم میں بلیات پہنچ گئی اور موجودہ واقعہ عمل میں آیا۔ بلیات کی زچگی عموماً 3 ماہ میں ہوتی اور بعض اس قسم کی بلیات بھی ہوتی ہیں جن کی زچگی چند سالوں میں ہوتی ہے اسی طرح بعض جنات کی زچگی 2 سے 3 سال میں ہوتی ہے۔ جب وہ تینوں سائے نکلے تو اُسی وقت اُس کے شوہر سے کہا گیا کہ ایک کپڑا اس کے جسم پر لگا کر دیں۔ اُس کپڑے کو چراغ کے ذریعے میں سورۃ مزمل پڑھتے ہوئے جلایا گیا تو وہ تینوں سائے دھوئیں کی شکل سے زمین بوس ہوگئے۔ چند لمحوں بعد وہ لڑکی اپنے حواس میں آ گئی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کا نقش ہمراہ تعوذ لڑکی کے گلے میں ڈال دیا گیا۔ الحمد اللہ اپنے گھر خوش وخرم ہے۔

قارئین مزمل روحانی جنتری جانتے ہیں کہ ماہ صفر میں 10 لاکھ بلیات کا نزول ہوتا ہے اور پرانے کئے گئے عمل شر اور جادو اس ماہ میں زور پکڑ جاتے ہیں اس ماہ جنات و بلیات کی کسی جسم پر مسلط کرنا نہایت آسان ہوتا ہے۔ اس ماہ کھلے آسمان تلے سونا اور رات گئے ویران جگہ پر جانا خطرہ سے خالی نہیں۔

سورۃ مزمل سے متعلقہ زکات اور وظائف بزرگان سے مہیا ہوئے جن میں کئی سلاسل کے نامور بزرگ شامل ہیں۔ سلسلہ اور بزرگ کوئی بھی ہو تمام قابل احترام ہیں۔ یہ انہی بزرگان کا فیض ہے کہ جن کے دم خم سے دُنیا رونق ہے اور آباد ہے۔ یہ فیض محمدؐ و آلِ محمدؐ ہے جو کہ تا قیامت جاری ساری رہے گا۔ فیض چاہے کسی بھی در سے ملے مسلک اور فرقہ سے مبرا ہوتا ہے یہ لینے والے پر منحصر ہے کہ کہاں سے کتنا فیض حاصل کر سکے۔ سورۃ مزمل کا ایک خاص عمل پیر سید وارث علی شاہ جیلانی (فیصل آباد) کی معرفت حاصل ہوا آپ فرماتے تھے کہ ایک بزرگ سید عبداللہ شاہ قادری روحانی شفاخانہ چلاتے تھے۔ اور بے انتہا لوگ آپ سے فیض حاصل کرتے تھے۔ روحانی وجسمانی مریض دعائیں دیتے ہوئے جاتے۔ تسخیر خلق اتنا کہ بیاں سے باہر حضرت پیر سید عبداللہ شاہ قادری سورۃ مزمل کے عامل تھے تمام وقت یہی سورۃ مبارکہ ورد میں رکھتے۔ مریضوں کا اس قدر ہجوم رہتا کہ زیادہ مقدار میں پانی کے مٹکے بھرے رہتے جن پر درج ذیل طریقہ سے سورۃ مزمل پڑھ کر دم کر دیا جاتا تھا کہ یہ آب شفاء حاصل کرنے کیلئے مریض دور دراز سے آتے اور حضرت پیر سید عبداللہ شاہ غازی مریضوں کے سر پر ہاتھ رکھ کر ذیل کے طریقہ سے دم کرتے۔ اور مریض چند ہی لمحوں میں صحت یاب ہو جاتا۔

پیر سید وارث علی شاہ جیلانی فرماتے تھے کہ میں نے آپ سے اس عمل کی اجازت طلب کی تو حضرت پیر سید نے فرمایا کہ روزانہ سورۃ مزمل شریف **11** بار پڑھی جائے اور ذیل کے **4** مقامات کو **3** بار تکرار کی جائے۔ **3** بار قصیدہ غوثیہ کا پہلا شعر پڑھا جائے۔

سَقَانِی الْحُبُّ کَاْ سَاتِ الْوِصَال

فَقُلْتُ لِخَمْرَتِیْ نَحْوِیْ تَوَال

اَللّٰھُمَّ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُغْنِیْ یَا غَنِیُّ یَا بَاسِطُ یَا وَاسِعُ یَا فَتَّاحُ یَا مُعْطِیُ یَا مُنْعِمُ سَخِّرْ لِیْ قُلُوْبِ جَمِیْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ اَلْجِنِّ وَاْ لِاْ نْسِ اَرْوَاحَ ھُمْ وَاَ نْفُسَھُمْ وَاَمْوَا لَھُمْ۔

(۱) رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَا تَخِذْہُ وَکِیْلًا ۔ (۲) وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ ط (۳) یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰہِ (۴) وَاسْتَغْفِرُ وااللّٰہ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔

علامہ شاد گیلانی مرحوم بے شمار روحانی کرامت رکھتے تھے۔ علم جفر اور اعمال خاص سے بے انتہا لگاؤ تھا ایک موقع پر فرماتے تھے کہ جناب حکیم رحمانی صاحب راجھستان بھارت والوں سے ایک خاص عمل حاصل ہوا حکیم صاحب اس عمل کے عامل تھے اور بے شمار حیرت انگیز کرامات وکمالات رکھتے تھے اس عمل کی برکت سے مجمع حیرت انگیز زدہ رہ جاتا تھا۔ یہ ایک ایسی نایاب حاضرات ہے کہ شائقین حاضرات جواب تک نہ تجربہ کار رہ چکے ہوں اگر تھوڑا سا بھی روحانی شعور رکھنے والا شخص اس عمل کو مکمل کر لے تو انشا اللہ اس حاضرات کی برکت سے ماضی حال اور مستقبل جان سکے گا۔ یہاں تک کے امتحانات کے پرچے' مریض کا علاج' وظائف کے بارے میں معلومات' جادو سحر کا خاتمہ' عشق ومحبت میں کامیابی یا نکاح ہر وہ کام جو کہ عام و خاص سے متعلق ہو یہ حاضرات انجام دیتی ہے۔ اس حاضرات میں مریض کے اندر حضرت اُسامہ کی روح حاضر ہوتی ہے۔ جس کا طریقہ کار یہ کہ مریض یا صاحب حاضرات یعنی معمول کو ذیل کا ورد **45** بار پڑھ کر دم کر دیں۔ صرف **5** یا **6** بار پڑھنے سے ہی مریض غیر اختیاری طور پر سو جاتا ہے اب اُسی سے دریافت کریں کہ کیا آپ کے اندر حضرت اُسامہ کی روح حاضر ہوئی ہے علامہ شاد گیلانی فرماتے تھے کہ اُس مریض کا لہجہ عربی میں بدل جائیگا۔ سلام کریں گے تو وہ عربی لہجہ میں ہی جواب دے گا۔ آواز بھاری ہو جائیگی۔ جب یہ آثار ظاہر ہوں تو آپ سوال وجواب آداب کے دائرہ میں رہ کر کر سکتے ہیں۔ مثلاً ایک مریض کے بارے میں معلومات چاہتے ہیں کہ اُس کا مرض کیا ہے اور اس کا کیا علاج ہے۔ حاضر روح ایسا درست جواب دیتی ہے کہ حیرت میں رہ جائیں گے مریض خود روح کی زبانی اپنا علاج بتائے گا یہاں تک کہ خدانخواستہ مریض کے بچنے کی اُمید نہ ہو تو وہ اپنی موت کا دن بھی بتا دیتا ہے۔ علامہ صاحب نے فرمایا کہ اس حاضراتی عمل کی سیاہی بھی تیار کی جاتی ہے جس میں ایک پاؤ روغن چنبیلی میں ایک تولہ کافور ڈال کر چراغ روشن کریں۔ ورد مذکورہ بلا تعداد کرتے رہیں۔ جب تک چراغ نہ بجھے ورد نہ بند کریں یہاں تک کہ تیل اور بتی جل کر سیاہی ہو جائیں تو اُس میں عطر گلاب ملا کر سیاہی بنالیں۔ **10**، **11** سال کا معمول خوش شکل تلاش کریں۔ نہلا کر باوضو اس معمول کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر سیاہی لگا دیں اور اس سے کہیں کہ اس پر نگاہ جما کر رکھے۔ ذیل کا عمل **5** سے **7** بار ہی ورد کریں گے تو حاضرات شروع ہو جائیگی یہ وہی روح ہے جو کہ مریض کے جسم پر داخل ہوتی ہے سب کچھ درست بتاتی ہے خاص وقت میں مخصوص کاموں کیلئے ہی حاضرات کریں۔ انشا اللہ یہ ایسی حاضرات ثابت ہوگی کہ اب تک اس سے قوی حاضرات نہ ملی ہوگی۔

مدت عمل **21** یوم۔ تعداد عمل **1000** بار بعد نماز عشاء (بلاناغہ)۔ مداومت **45** بار۔ عبارت عمل:۔ **ھُوَا لَاسَا مَۃَ سِرُّنَا ھُوْ ۔ یَا کَرِیْمُ**۔ غذا **21** یوم۔ بغیر نمک جَو کی روٹی یا ستو یا پھر ستو میں گڑ یا شکر ملا لیں۔ صرف دریا کا پانی استعمال کریں۔ باقی ہر غذا بند۔

مزمل روحانی جنتری کا اعزاز

قارئین مزمل روحانی جنتری! گزشتہ سال بھی آئندہ حالات واقعات کے مطابق علم وجفر ونجوم کی روشنی میں پیشن گوئیاں کی گئیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا کرم اور اُسکی عنایت ہے کہ مزمل روحانی جنتری میں کی گئی پیشن گوئیاں درست ثابت ہوئیں۔

ایک وقت تھا کہ جب حاکم وقت علوم کی مدد سے آئندہ کے حالات وواقعات کے مطابق لائحہ عمل تیار کیا کرتے تھے اور باہم مشورہ سے نظام حکومت ترتیب دیا جاتا تھا۔ مسلمانوں کی بڑی بڑی رصدگاہیں قائم تھیں جہاں پر نجوم سے متعلق تحقیق کی جاتی۔ یہ تحقیق اس قدر حقیقت پر مبنی تھی کہ آج کے سائنس دان بھی اسی تحقیق کا سہارا لے کر آگے بڑھ رہے ہیں۔ ان میں سیارگان کے چاندانکی رنگت ان کی سطح ذائقہ سمت خارج ہونے والی شعائیں اوران کے اثرات زمین پر کیا ہونے والا ہے اوراب احتیاطی تدابیر کیا کرنی ہوگی۔ بادشاہ وقت ان علوم کا سہارا لے کر برسوں حکومت کرتے تھے۔ اگر حکومت سنبھالنے کے وقت میں قمر درعقرب ہوتا تو اس کا صدقہ دے کر نظام حکومت سنبھالا جاتا لیکن ہماری بدقسمتی کہ حاکم وقت پر زحل کی ساڑھ ستی چل رہی ہو یا دیگر سیاروں کی نحوست اُسے حکومت سنبھالنے سے غرض ہے۔ اقتدار کی کرسی کسے پیاری نہیں ہوتی یہی وجہ ہے کہ آزادی سے لے کر اب تک پاکستان کا جوحشر ہوا اور جو ہو رہا ہے ڈھکی چھپی بات نہیں۔ ہمارے ہمسایہ ملک کو دیکھیں جہاں اس علم کی قدر ہے اور کسی حد تک راہنمائی بھی لی جاتی ہے۔ تقسیم پاکستان کے حوالے سے اب تک لاتعداد مضمون نجوم کے پس پردہ میں تحریر کئے گئے پھر وقتاً فوقتاً نجوم کی روشنی میں ملکی سیاسی شخصیات کو آنے والے اچھے یا بُرے وقت کے اشارے دیئے جاتے مگر کیا فائدہ کہ جب اشاروں کو نہ تو سمجھنے کی کوشش کی جاتی ان پر عمل کرنا تو دور کی بات ہے لیکن پھر بھی ان سے علم مخفیات سے انصاف کرتے ہوئے پاکستان کے ماہرین نجوم وجفر اپنا فرض پورا کر رہے ہیں کوئی سنے یا نہ سنے یہ نہ سننے والے کی مرضی پر منحصر ہے لیکن دُکھ اُس وقت ہوتا ہے جب وہ حادثہ رونما ہوتا ہے جس کے بارے میں بزور نجوم وجفر قبل از وقت مطلع کیا جاتا رہا۔ ایسے ایسے ماہرین نجوم وجفر بھی گزرے ہیں جن کی مثال نہیں ملتی اُن کے سامنے بندہ احقر ایک ذرہ کی مانند ہے۔ بڑے بڑے اساتذہ نجوم اور جفر کے جو قوانین سالہا سال محنت کے بعد شائقین روحانیات ومخفیات کو ظاہر فرمائے اُن قوانین کی روشنی میں اگر درست طریقہ سے مدد لی جائے تو بہت سے فائدے حاصل کئے جاسکتے ہیں لیکن حالت یہ ہے کہ ان علوم کو الماریوں میں بند کر دیا گیا اور مخفی علوم جاننے والوں پر اس طرح کے بہتان یا الزامات عائد کئے گئے کہ وہ بیچارے خاموش ہو کر اپنے گھروں میں رہ گئے اُن کی جگہ ایسے لوگ منظر عام پر آئے کہ اللہ کی پناہ۔

جو علمی خزانہ موجود تھا اُسے یا تو دیمک کھا گئی یا صاحب علم کی دُنیا سے جانے کے بعد اُس کے لواحقین نے وہ خزانہ یا قلمی بیاضیں نایاب کتب دریا برد کر دیں۔ ایسی چند مثالیں میرے سامنے ہیں کہ صاحب علم کے لواحقین نے اس بات کا اقرار کیا۔ اب جو باقی بچی کچی علمی شخصیات پاکستان میں موجود ہیں تو اب نہ تو اُن کو سمجھنے والا کوئی ہے اور نہ ہی اُن کی آواز سننے والا۔

آئینہ اعداد

ستاروں کی نحوست سے چھٹکارہ

حرف ''ص'' کے راز......؟

تحریر: غلام اکبر زنگیجو — کراچی

''مکمل پاکی اور باوضو حالت میں پہلے دو رکعت نفل پیارے حضور نورِ مجسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور ہدیہ کی نیت سے ادا فرمائیں۔ پھر دو رکعت اپنی حاجت روائی رمشکل کشائی کے ادا کر کے 19 مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھ کر ''21'' مرتبہ سورۃ ''اخلاص'' پڑھیں اور پھر درج بالا اسم اعظم 111 مرتبہ پڑھ کر پھر 19 مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھ کر بارگاہ وحدہ لہ شریک میں پورے یقین اور اعتقاد کے ساتھ ''دعا'' کریں انشاء اللہ'' دعا مستجاب ہوگی'' نوٹ'' یہ اسم اعظم صرف وہ مرد و خواتین کریں جن کے نام حرف ''ص'' سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے صباحت' صابرہ' صدف صاحب' صابر اور صمد اور اسم اعظم کے حوالے سے مجھ ناچیز کی ریسرچ کے مطابق'' غلام علی نام کا اسمِ اعظم'' العلی یا یا علی ہوگا یعنی ! یا اللہ یا علی' عبدالرزاق کا اسم اعظم'' یا اللہ یا رزاق'' اور غلام اکبر کا اسمِ اعظم'' یا اللہ یا اکبر'' ہوگا پیارے صاحبانِ فکر و نظر! ''علم الاعداد کی روشی میں وہ تمام مرد و خواتین جن کے اصل نام عدد ''2'' پر تقسیم ہوتے ہیں ان کے لئے ''2'' کا ہندسہ ہمیشہ نقصان کا باعث ہوگا میرے محترم پیارے صاحبِ علم و فن دوست و بھائی ماسٹر شوکت علی بروہی صاحب کے لئے 2009ء واقعی ''بھاری'' ثابت ہوا 7 اگست کو ان کی رفیقہ حیات (میری بھابی خدا کروٹ کروٹ ان کو جنت اور مغفرت عطاء فرمائے آمین ثم آمین) ان سے بچھڑ گئیں۔ 28 جولائی بروز منگل ''سندھ ٹی وی'' کے مقبول روحانی پروگرام ''منھن بی قسمت منھن بی ھث (میری قسمت میرے ہاتھ) میں میرے پروگرام کے بعد ٹی وی اسٹوڈیو کے اندر ہی بھائی شوکت بروہی نے مجھ سے علم الاعداد کی روشنی میں پوچھا تھا۔ ان کی مرحومہ اہلیہ کا عدد ''1'' تھا اس وقت علم الاعداد کی روشنی میں (17 جولائی تا 19 اگست) ماہ اگست کے عدد ''4'' کا دور چل رہا تھا از روئے اعداد نتیجہ صاف ظاہر تھا۔ میں نے ان سے کہا کہ! علاج باقاعدہ مکمل پرہیز کے ساتھ جاری رکھیں دعا کرتے رہیں اور باقی اللہ پر چھوڑ دیں (کیونکہ! زندگی اور موت صرف اور صرف ''اللہ'' ہی کے حکم سے نازل ہوتی ہے)۔ پھر جو مالک کی رضا۔ ماسٹر شوکت علی بروہی کے نام کا عدد ''6'' ہے جو عدد ''2'' پر تقسیم ہوتا ہے۔ اس حساب سے دوسری شادی ان کے لئے پہلی شادی سے زیادہ مسائل کا سبب بنے گی۔ بالخصوص ایسی خاتون جس کا اصل نام بھی عدد ''2'' سے تقسیم ہو اور زیادہ پریشانیوں میں اضافہ کر دے گا۔ علم الاعداد کی روشنی میں یہ حقیقت ہے کہ! ''21'' نومبر 2009ء سے 2010ء بھائی شوکت علی بروہی کے لئے 2009ء کی نسبت زیادہ بہتر ہوگا۔ بالخصوص ستمبر' اکتوبر' دسمبر 2009ء جنوری' مارچ' مئی' جولائی' ستمبر' اکتوبر' دسمبر 2010ء دوسری شادی کے لئے زیادہ مناسب ہونگے۔ ع گر قبول افتد زہے عزو شرف 2010ء 2011ء اور 2012ء جن دیگر شخصیات کے لئے ہر لحاظ سے'' بھاری'' اور حتیاط طلب رہیں گے ان میں'' بھارتیہ کانگریس کی صدر سونیا گاندھی' بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم بیگم خالدہ ضیاء ان کے علاوہ عدد ''1'' اور ''4'' کے دیگر مرد و خواتین شامل ہیں۔ اللہ پر کامل یقین کے ساتھ خصوصی روحانی تدابیر اختیار کر کے حالات کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ ملکوں میں'' ایران' یمن اور فرانس'' 2010ء' 2011ء اور 2012ء کے دوران بڑے بڑے اندرونی و بیرونی بحرانوں اور نئی بندشوں کا شکار ہونگے۔'' شوبز کی دنیا'' دوستو! روشنیوں اور گلیمر کی یہ چکا چوند دنیا کی مثال ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ والیہے اداکارہ'' وینا ملک'' کے بعد اب اداکارہ'' میرا'' کے متعلق خبریں گرم ہیں۔ علم الاعداد کی روشنی میں اداکارہ میرا کے دعویدار شوہر عتیق الرحمٰن کے نام کا عدد ''4'' ہے۔ آنے والے تین سال ان کے لئے بھی ہر حوالے سے انتہائی احتیاط طلب رہیں گے۔ 20 اکتوبر 2009ء سے ان کے لئے اور زیادہ احتیاط طلب دور شروع ہوگا۔ مکمل انصاف ملنے کی توقعات نہ ہونگی''۔ کوئی درمیانہ صلح کن راہ اپنانا ہوگی۔ عدالتوں کے چکر اور بھاری بھرکم وکلاء کی بھاری بھرکم فیسیں دونوں کے مزاجوں اور فطرت سے ہٹ کر ہوں گی''۔ جنرل ضیاء کا عدد ''1'' تھا۔ وہ انتہائی ظالم اور ہوسِ اقتدار کا پرانا مریض تھا۔ آخری سانسوں تک اقتدار کی کرسی سے چمٹے رہنے کی خاطر ہی بے گناہ ذوالفقار علی بھٹو شہید کو زبردستی قتل کرا دیا۔ وہ بھی بکاؤ ججوں کے ذریعے یہ خالصتاً عدالتی قتل تھا۔ بھٹو کے تمام قاتلوں کا انجام عبرت ناک ہوا۔ آج کل بھٹو قتل کیس کو'' ری اوپن'' کئے جانے کی باتیں ہو رہی ہیں یہ سراسر فضول باتیں ہیں محترمہ بے نظیر بھٹو شہید نے اپنی دو مرتبہ دورِ حکومت میں قاتل جنرل ضیاء کے سپوت اعجاز الحق اور احمد رضا قصوری کا کیا بگاڑ لیا تھا جواب یہ حکمران تیر ماریں گے۔ کچھ کر دکھانا ہے تو محترمہ شہید کے قاتلوں کو بے نقاب کریں۔ 2010ء یہ مطالبہ شدت سے بڑھے گا (واللہ اعلم بالصواب)'' باقی رہے نام اللہ کا'' اللہ نگہبان

نوروز عالم افروز

دنیا کی اقوام کی اکثریت اپنی ثقافتوں اور قومی اور مذہبی روایتوں کے مطابق سال کے بعض ایام کے لیے ایک خاص اعتبار واحترام کی قائل ہوتی ہے۔ایرانی بھی اپنے مذہب اور قدیم روایات کے مطابق بعض ایام کا جن میں اہم ترین مشہور ترین دن نوروز جشن مہرگان،(۱) جشن سدہ (۲) اور گاھدبا تھا (۳) شامل ہیں، احترام کرتے ہیں اگرچہ دین اسلام قبول کرنے کے بعد ایرانیوں کی بہت سی قومی اور مذہبی روایات کا خاتمہ ہوگیا اور اسلامی روایات نے ان کی جگہ لے لی تاہم نوروز عظمت بدستور قائم اور برقرار رہی۔شاید بعض لوگوں کے ذہن میں یہ سوال ابھرے کہ کیا اسلام نے نوروز کو باقاعدہ طور پر تسلیم کیا ہے اور اصولی طور پر ایران کی اس قدیم عید کی بقا کے اسباب کیا ہیں؟ ان سوالوں کے جواب کے لئے ہمیں نوروز کے تاریخی پس منظر کا جائزہ لے کر اس سے متعلق روایات پر نگاہ دوڑا کر کوئی حتمی رائے قائم کرنا ہوگی۔

ابوریحان بیرونی نے اپنی کتاب میں نوروز کے متعلق ایک مبسوط بحث کی ہے وہ لکھتا ہے کہ نوروز یا نیا دن پارسیوں کے سال کا پہلا دن ہوتا ہے اور وہ سال کا سب سے لمبا دن ہوتا ہے اور جمشید کی یادگار ہے اس انتخاب کی دو وجوہات ہیں ایک تو فطری سبب مثلاً دن کی طوالت اور ظہر کے وقت انسانی سائے کا بڑھ جانا جس کی شناخت کے لیے کسی ہیئت یا رصد کی ضرورت نہیں اور ایک معاشرتی سبب کہتے ہیں کہ جمشید ایسے ہی ایک دن میں جنگ کو گیا اور پانچویں دن فتح مند ہو کر لوٹ آیا اسی لیے اس دن کو عظیم نوروز کے نام سے موسوم کیا گیا اور ایک دوسرے پر پانی چھڑکنے کی روایت پڑ گئی۔

ان (پارسیوں) کے عقیدے کے مطابق پانچویں دن کا نام اسفندارمذ یعنی پانی پر موکل فرشتہ تھا (۴)

ایران کی قدیم تاریخ اور تمام لغت ناموں سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ قدیم سال فرس کے بارہ مہینے تھے اور ہر دن کا ایک خاص نام تھا جب سال کی ابتدا ہو جاتی ہے تو پہلے مہینے کو فروردین اور پہلے دن کو نوروز کہا جاتا ہے

نوروز ساسانی دور میں

ساسانی حکومت کے دور میں دور میں جو ظہور اسلام کے زمانے سے متقارن تھا۔اس جشن کا موسم سالوں کی گردش کے ساتھ ساتھ تبدیل ہو جایا کرتا اور ہر سال فروردین ماہ کا آغاز سال کے مختلف حصوں میں ہوا کرتا تھا جیسا کہ عید فطر اور عید الاضحیٰ گردش میں رہتے ہیں چونکہ آخری ساسانی شہنشاہ یزدگرد کی تخت نشینی نوروز کے دن ہوئی تھی اسی وجہ سے تمام ساسانی نوروز ہی کے دن رسم تاج پوشی انجام دیا کرتے تھے اور یہ جشن ۱۶ حزیران کے دن جو موسم گرما کی ابتدا کا دن تھا سے مصادف ہوتا تھا اس کے بعد ہر چار سال کے بعد لیپ کے سال کی بنا پر یہ جشن موخر ہوا۔اور تقریباً ۳۹۲ھ میں جشن ابتدائی برج حمل میں پڑ گیا اور ۴۶۷ھ میں نوروز ۲۳ برج حوت (موسم سرما سے ۱۷ دن پہلے) واقع ہوا۔اس موقع پر ملک شاہ سلجوقی کے حکم پر بعض نے جن میں حکیم عمر خیام بھی شامل تھے اس سال کو بہار کے اوائل میں جب آفتاب برج حمل میں قرار پاتا ہے قرار دیا جو نوروز جلالی کے نام سے معروف ہو گیا اور یہ تاریخ بن گئی۔

نوروز عصر ظہور اسلام میں رسول خداؐ اور تینوں خلفا کے زمانوں میں نوروز کا وجود نہ تھا صرف حضرت علیؑ کے زمانہ خلافت سے ایک روایت نقل کی گئی ہے مگر خلفائے بنو اُمیہ اور بنو عباس میں اس کا رواج تھا چونکہ عید نوروز کی تقریبات میں بادشاہوں اور حکمرانوں کو تحائف کا پیش کیا جانا مرسوم تھا علاوہ ازیں اس کا ایک سیاسی رنگ بھی تھا چونکہ خلفہ بنو عباس کے طرفدار اور حمایتی نہ صرف ایرانی النسل برامکہ خاندان سے تعلق رکھتے تھے بلکہ مئوبد ان سے بھی تھے جو نوروز کے حامی اور مہرگان شمار کیے جاتے تھے۔

نوروز اسلامی روایات میں

ا:۔اہل سنت کی روایات میں نوروز کے بارے میں کوئی حدیث نہیں ملتی ہے۔آلوسی بلوغ الارب میں حضور کریمؐ سے روایت کرتے ہیں کہ، خداوند تعالیٰ نے اس سے بہتر (عید فطر اور عید الاضحیٰ) مجھے عطا کیا ہے اس حدیث کی ایک مثیل بصورت مرسل حضرت امام موسیٰ بن جعفرؑ کی طرف سے جب منصور نے آپ سے عید نوروز میں تشریف لانے کی استدعا کی۔آپ نے فرمایا کہ میں نے اپنے جد رسول خداؐ کی احادیث تلاش کیں اس عید کے متعلق میں نے کوئی روایت نہیں پائی میں اس بات سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں کہ میرے رہبر نے جس شے کو محو کر دیا میں اسے زندہ کر دوں لیکن خلیفہ منصور کے اصرار کرنے پر حضرت تشریف فرما ہوئے۔

۲:۔شیعی روایات میں معلیٰ بن خنیس نے امام جعفر صادقؑ سے مختلف مضامین ومتون کے ساتھ متعدد روایات نقل کی ہیں ان تمام روایات میں عید نوروز کے تقدس کا بیان آیا ہے۔ان میں سے بعض روایات میں اس دن غسل کرنے نیا لباس پہننے بہترین عطر استعمال استعمال کرنے روزہ رکھنے اور نماز ودعا کی ہدایت کی گئی ہے یہی روایات اس بات کا سبب بنی ہیں کہ بہت سے فقہا عید نوروز میں غسل روزہ اور نماز کے مستحب ہونے کی تائید کرتے ہیں۔

۳:۔مرحوم علامہ مجلسی بحار الانوار میں فرماتے ہیں روایت فی بعض الکتاب المعتبرہ روی فضل اللہ بن علی بن عبید اللہ ابن معلیٰ ابن خنسین تک روایت جا پہنچتی ہے۔امام نے فرمایا کہ بیت عتیق کی قسم نوروز وہ دن ہے جب خداوند تعالیٰ نے اپنے بندوں سے عہد و میثاق لیا کشتی نوح کو استقرار حاصل ہوا علیؑ مقام غدیر میں منصب خلافت پر نصب کیے گئے اور بہت سارے دوسرے موارد کا ذکر کرتے ہیں۔

۴:۔احمد بن فہد کتاب المھاذب میں لکھتے ہیں۔امام جعفر صادقؑ نے فرمایا نوروز وہی دن ہے جب پیغمبر اکرمؐ نے حضرت علیؑ کے سلسلے میں لوگوں سے عہد و پیمان لیا کہ امیر لمومنین بننے کے سلسلے میں ان کی بیعت کریں نیز یہ حضرت علیؑ کی اصحاب نہروان پر فتح اور ذوالثدیہ کے قتل ہوجانے کا دن ہے۔

۵:**مھذب البارع** میں نوروز سے متعلق ایک اور حدیث آئی ہے جس کا متن بحارالانوار کے متن سے ملتا جلتا ہے۔

۶:۔مفضل بن عمر سے امام جعفر صادقؑ کی ایک مشروح حدیث پہنچی ہے جس کا مضمون معلیٰ بن خنیس کی روایت کے قریب قریب ہے جس کے آخر میں آپ فرماتے ہیں پیغمبر حضرت حزقیل کو خدا نے وحی کی ھذیوم شریف عظیم قدرہ یہ میرے نزدیک ایک شریف اور قابل قدر دن ہے میں نے قسم کھائی کہ جو کوئی اس دن میں مجھ سے حاجت طلب کرے میں اس کی حاجت روا کردوں گا۔

حمزہ بن الحسنی اصفہانی نے جو علم الہیئت کے ماہر ہیں، **سنن الملوک الانبیا** کے عنوان سے اپنی کتاب کے جدول میں لکھا ہے نوروز دویں ہجری متصادف با اتوار ۷ محرم رہا۔ہے ہر سال نوروز کا قمری مہینے کے مطابق تعین کیا جاتا ہے اور بعض سالوں میں نوروز نہیں ہوتا ۶۲ درجے اور ۴۰ دقیقہ میں تھا۔

بہرصورت دین اسلام کے نقطہ نظر سے نوروز کی ایک خاص اہمیت اور تقدس ہے کیونکہ یہ مستمندوں یتیموں بے نواؤں کے لیے نئے لباس کی فراہمی بزرگوں اور علما سے ملاقاتوں صالہ ارحام الفت ومحبت کے پیدا کرنے اور بعض قدورات کے خاتمے کا سبب بنتا ہے گھر کی جھاڑ پونچھ، نیا لباس زیب تن کرنا غسل کرنا اور دعائے **محول الحول والا حوال** کا پڑھنا نوروز کے محاسن اور اس کی خوبیوں میں سے ہیں۔

حواشی

۱۔مہرگان مہرماہ (ایرانی مہینہ) کی سولہویں تاریخ اور وہ ایرانی عیدوں میں ایک عید ہے اور اس دن ایک عظیم جشن منایا جاتا ہے جو جشن نوروز کے بعد سب سے بڑا جشن ہوتا ہے **لغت نامہ دھخدا**، مادہ مہرگان۔

۲۔جشن سدہ بہن ماہ (ایرانی مہینہ) کا دسواں دن ہے اور اس دن اہل فارس عید اور جشن مناتے ہیں اور بہت ساری آگ جلاتے ہیں **لغت نامہ دھخدا**، مادہ جشن۔

سات سلام بوقت نوروز

جو شخص رنج وغم سے دور رہنا چاہتا ہو یا زہریلے موذی جانوروں سے نجات پانا چاہتا ہو یا زہر کا کوئی اثر زائل کرنا چاہتا ہو یا جادو کے اثرات سے نجات پانا چاہتا ہو۔ذیل کے 7 سلام وقت نوروز خاص میں مشک وزعفران سے چینی کی پلیٹ پر تحریر کریں اور عرق گلاب سے دھو کر اس وقت میں پی لیں۔اس پانی کو بوتل میں بھی محفوظ کیا جاسکتا ہے اور بوقت ضرورت استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ
سَلَامٌ عَلٰى نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ
سَلَامٌ عَلٰى اِبْرَاهِيمَ
سَلَامٌ عَلٰى مُوسٰى وَهَارُونَ
سَلَامٌ عَلٰى اٰلِ يَاسِينَ
سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ
سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ

آداب و اعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہئے کہ مقررہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثل لوبان، اگر بتی و صندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السلام دیں۔ بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۲۹ مرتبہ ”یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ“ اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوبِ وَالْاَبْصَارِ یَامُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَامُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ

مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ ”قُرْبَةً اِلَی اللّٰهِ، اَللّٰهُ اَکْبَرُ“ اور اول رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ سورۃ ”اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ“ اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ ”قُلْ یٰاَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ“ اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورۃ حمد دس مرتبہ ”قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ“ اور دوسری رکعت میں بعد سورۃ حمد دس دس مرتبہ ”قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ“ پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدِ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِکَ وَبَارِكْ عَلَیْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِکَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَکَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَا اَشْکُرَ اَحَدًا غَیْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَاغَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُکَ وَحِفْظُکَ وَمَافَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَکَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَا اَتَکَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بعدہ دعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دعا کو پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِیْدَةٌ وَاَنْتَ مَلِکٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُکَ خَیْرَهَا وَخَیْرَ مَا فِیْهَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَافِیْهَا وَاَسْتَکْفِیْکَ مَئُوْنَتَهَا وَشُغْلَهَا یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (زاد المعاد)

آب نسیاں

نوروز کے تیس دن گزرنے کے بعد ماہ نسیاں شروع ہوتا ہے اس مہینے کی بارش کا پانی آب نسیاں کہلاتا ہے سید جلیل علی ابن طاؤس نے روایت کی ہے کہ حضرت رسالت مآبؐ نے اصحاب سے فرمایا کہ ماہ نسیاں میں آب باراں لو اور سورۃ فاتحہ آیۃ الکرسی چاروں قل ہر ایک ستر ستر مرتبہ پڑھ کر ستر مرتبہ تسبیحات اربعہ اور ستر مرتبہ درود پڑھو اور سات دن صبح اور عصر کے وقت اس پانی کو پیو تو اللہ تعالیٰ ہر بیماری سے محفوظ کر دے گا اگر بانجھ عورت اولاد کے لیے پیے تو حق تعالیٰ اسے اولاد سے نوازے گا جبرائیلؑ نے کہا کہ جو شخص یہ پانی پیئے اس کے بدن کے ہر درد کو اللہ تعالیٰ دور کرتا ہے۔

لوح نوروز

تحویل آفتاب کے وقت پاک جگہ پر باوضو ہو کر بیٹھیں وقت نوروز کا تعین کرنے کیلئے دو عدد گلاب کی بند کلی پانی بھری طشتری میں چھوڑ دیں۔ قدرت کاملہ سے یہ بند کلی وقت نوروز پر خود بخود کھل جائیگی۔ اس وقت میں اپنی حاجت فوری زبان پر لے آئیں۔ ویسے نوروز کا وقت نوروز سے ایک گھنٹہ قبل اور ایک گھنٹہ بعد تک رہتا ہے۔ ذیل کے نقش کو عام کاغذ یا ہرن کی جھلی یا چاندی کی تختی پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے جملہ آفات، بلیات، صدمات، جادو سحر، غلبہ دشمن، تمام روحانی و جسمانی امراض سے نجات، بندشوں کے خاتمہ کیلئے یہ لوح بہت پُر تاثیر ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

العلیٰ العلیٰ العلیٰ العلیٰ

یا علی یا علی یا علی یا علی

۱۲۶۱	۱۲۶۴	۱۲۶۷	۱۲۵۴
۱۲۶۶	۱۲۵۵	۱۲۶۰	۱۲۶۵
۱۲۵۶	۱۲۶۹	۱۲۶۲	۱۲۵۹
۱۲۶۳	۱۲۵۷	۱۲۵۷	۱۲۶۸

یا علی یا علی یا علی یا علی

العلیٰ العلیٰ العلیٰ العلیٰ

فاللہ خیر حافظا و ھو ارحم الراحمین

روحانی و جسمانی امراض کے خاتمہ کیلئے ذیل کے نقش کو وقت خاص نوروز میں مشک و زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور عرق گلاب سے دھو کر پی لیں اس کے علاوہ یہی نقش وقت نوروز میں چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرنے کے بعد دائیں ہاتھ میں پہن لیں۔

الا = ۱۱۱۹ ۱۱۱۱۹ الا = ۱۱۱ محطی

تسخیر ہمزاد

تحریر
شہزادہ رضوان حسین شاہ
(ملتان)

عمل ہمزاد

قارئین مزمل روحانی جنتری تسخیر ہمزاد کے سلسلہ میں بہت کچھ لکھا جا چکا ہے آپ نے اس سے قبل میرے مضامین کا ایک سلسلہ روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات میں ضرور پڑھا ہوگا جس میں ہمزاد سے متعلق ضروری اور اہم معلومات دی گئی تھیں ایسا ہرگز نہیں کہ ایک شخص جس کے نام کا سر حرف آبی ہو اور وہ چراغ کے ذریعے ہمزاد مسخر کرنے کیلئے بیٹھ جائے یا کسی شخص کا سر حرف نام بادی ہو اور وہ خاکی طریقہ عمل سے تسخیر ہمزاد کیلئے شروع ہو جائے ۔ چند قواعد کو مدنظر رکھتے ہوئے جو کہ اساتذہ کرام سے ملے ہیں ۔ قارئین کی خدمت میں تسخیر ہمزاد کی غرض سے اس مختصر مضمون میں عرض کرتا ہوں یقیناً قارئین استفادہ کر سکیں گے ۔ ہمزاد مسخر نہ بھی ہو لیکن کم از کم ہمزاد کی تسخیر کے بارے میں جو مبہوم خیالات ہیں ذہن سے نکل جائیں گے ۔

اگر کوئی شخص قواعد عملیات پر کاربند رہ کر پہلے یکسوئی کی مشق کرے اور پھر تسخیر ہمزاد کی نیت سے عمل کو شروع کرے تو یقیناً کامیابی ہوتی ہے ۔ طریقہ کار اس طرح ہے کہ اگر آپ کے نام کا سر حرف خاکی یا آبی ہے تو اپنے نام کے ابجد قمری برآمد کرنے کے بعد اسم الٰہی بھی خاکی یا آبی تلاش کریں اور اگر آپ کے نام کا سر حرف آتشی یا بادی ہے تو اسم الٰہی بھی شمسی یا بادی لیں ۔ اعداد برآمد کرنے کے بعد کل عدد کے مطابق جدول سے اسمائے حسنیٰ تلاش کریں ۔

